روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com
ہفتہ 2 اپریل 2005ء 22 صفر 1426 ہجری 2 شہادت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 73

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

19/دسمبر 1903ء ''رؤیا میں دیکھا کہ کوئی کہتا ہے زلزلہ کا ایک دھکہ۔ مگر میں نے کوئی زلزلہ محسوس نہیں کیا۔ نہ دیوار، نہ مکان ہلتا تھا۔ بعدازاں الہام ہوا............

(ترجمہ از مرتب) اللہ تعالیٰ ضرر نہیں پہنچائے گا۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے جو تقویٰ اختیار کریں اور جو نیکوکار ہوں۔ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد دیکھے گا اور وہ بہکتے رہیں گے۔ (تذکرہ ص 418)

یکم جون 1904ء عفت الدیار محلھا ومقامھا (ترجمہ از مرتب) عارضی رہائش کے مکانات بھی مٹ جائیں گے اور مستقل رہائش کے بھی'' ساتھ اس کے یہ بھی الہام تھا کہ زلزلہ کا دھکا۔''

''پھر خدا نے مجھے خبر دی کہ ایک زلزلہ کا دھکا ظاہر ہوگا جس سے جانوں اور عمارتوں کا نقصان ہوگا.......... چنانچہ 4/اپریل 1905ء کو وہ زلزلہ آیا۔'' (تذکرہ ص 432)

8 جون 1904ء (ایک الہام کا خلاصہ) خدا تیرا دوست ہے۔ اسی کے صلاح ومشورہ پر چل۔..........

(ترجمہ از مرتب) عارضی رہائش کے بھی مکانات مٹ جائیں گے اور مستقل رہائش کے بھی۔ میں تمام ان لوگوں کی جو اس گھر میں رہتے ہیں حفاظت کروں گا۔ میں نے تجھے سارے انعامات عطا کئے ہیں۔ (تذکرہ ص 433)

27/فروری 1905ء ''کشف دیکھا کہ دردناک موتوں سے عجیب طرح پر شور قیامت برپا ہے۔ میرے منہ پر یہ الہام الٰہی تھا کہ موتا موتی لگ رہی ہے کہ میں بیدار ہوگیا۔'' (تذکرہ ص 443)

1905ء ''مجھے دکھلایا گیا کہ ملک عذاب الٰہی سے مٹ جانے کو ہے۔ نہ مستقل سکونت امن کی جگہ رہے گی نہ عارضی سکونت۔ مقاموں پر اور عارضی سکونت گاہوں پر آفت آئے گی۔'' (تذکرہ ص 444)

3/اپریل 1905ء موت دروازے پر کھڑی ہے۔

رؤیا۔ ''دیکھا کہ مرزا نظام الدین کے مکان پر مرزا سلطان احمد کھڑا ہے اور سب لباس سرتاپا سیاہ ہے۔ ایسی گاڑھی سیاہی کہ دیکھی نہیں جاتی۔ اسی وقت معلوم ہوا کہ یہ ایک فرشتہ ہے جو سلطان احمد کا لباس پہن کر کھڑا ہے۔ اس وقت میں نے گھر میں مخاطب ہوکر کہا کہ یہ میرا بیٹا ہے۔ تب دو فرشتے اور ظاہر ہوگئے اور تین کرسیاں معلوم ہوئیں اور تینوں پر وہ تین فرشتے بیٹھ گئے اور بہت تیز قلم سے کچھ لکھنا شروع کیا جس کی تیز آواز سنائی دیتی تھی۔ ان کے اس طرز کے لکھنے میں ایک رعب تھا۔ میں پاس کھڑا ہوں (کہ بیداری ہوگئی)۔

اسی وقت حضرت اقدس نے یہ خواب سنایا اور فرمایا کہ کوئی ہیبت ناک نشان ہونے والا ہے۔ اس کی تعبیر یوں ہے کہ سلطان احمد سے مراد ایسے دلائل اور براہین ہیں جو دلوں پر تسلّط کرتے اور دلوں کو پکڑ لیتے ہیں اور نظام الدین سے مراد ایسا نشان ہے جس سے دین.......... کی صلاحیت ہوگی اور اس کا نظام درست ہو جائے گا۔ سیاہ کپڑے ظاہر کرتے ہیں کہ اب کوئی ڈرانے والا نشان ظاہر ہونے والا ہے۔ اور یہ جو کہا کہ یہ میرا بیٹا ہے، اس سے یہ مراد ہے کہ یہ ہماری دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ کیونکہ نتیجہ بچے کو بھی کہتے ہیں''۔

(تذکرہ ص 448)

زلزلے آئیں گے

حضرت مسیح علیہ السلام نے آخری زمانہ کی علامات بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

قوم پر قوم اور سلطنت پر سلطنت چڑھائی کرے گی اور جگہ جگہ کال پڑیں گے۔ اور بھونچال آئیں گے لیکن یہ سب باتیں مصیبتوں کا شروع ہوں گی۔

(متی باب 24:7`8)

یوم تحریک جدید 8/اپریل کا پروگرام

امراء اضلاع، صدران جماعت اور مربیان و معلمین سلسلہ کی خدمت میں درخواست ہے کہ مجلس مشاورت 1991ء کے فیصلہ کی تعمیل میں سال رواں کا پہلا ''یوم تحریک جدید'' 8/اپریل 2005ء بروز جمعۃ المبارک منایا جائے جس میں احباب جماعت کو مطالبات تحریک جدید کی طرف خصوصی توجہ دلائی جائے۔ اس موقعہ پر امراء وصدر صاحبان اپنی سہولت اور حالات کے مطابق پروگرام منعقد کرکے مطالبات کی اہمیت احباب جماعت پر واضح کرنے کا اہتمام فرمائیں۔

خطبہ جمعہ میں تحریک جدید کے مطالبات اور ان کی حکمت بیان کی جائے۔ اس دن خصوصیت کے ساتھ تحریک جدید کے ذریعہ جماعت پر ہونے والے انعامات وافضال الٰہیہ کا احباب کے سامنے ذکر کیا جائے۔ اس دن حسب ذیل چند مطالبات تحریک جدید پر خصوصی روشنی ڈالی جائے۔

1۔ احباب سادہ زندگی بسر کریں۔ لباس کھانے اور رہائش میں سادگی اختیار کریں۔
2۔ والدین اپنی اولاد کو خدمت دین کیلئے وقف کریں۔
3۔ رخصت کے ایام خدمت دین کیلئے وقف کریں۔
4۔ اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالیں۔
5۔ جو لوگ بے کار ہیں وہ چھوٹے سے چھوٹا کام جو بھی مل سکے کرلیں۔
6۔ قومی دیانت کا قیام کریں۔
7۔ حسب استطاعت مالی قربانی کرنے کی طرف احباب جماعت کو توجہ دلائی جائے۔
8۔ مقاصد تحریک جدید کیلئے خاص دعا کریں۔

نوٹ: اگر کسی وجہ سے 8۔اپریل کو ''یوم تحریک جدید'' نہ منایا جاسکتا ہو تو جماعتی فیصلہ کے تحت اپنی سہولت اور حالات کے مطابق کسی بھی مناسب تاریخ کو ''یوم تحریک جدید'' منایا جائے اور اس کی رپورٹ سے دفتر کو مطلع فرمائیں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ
فون:047-6213563
فیکس 047-6212296)

☆......☆......☆

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

منگل 5/اپریل 2005ء

12-00 a.m	گلشن وقف نو
12-40 a.m	لقاء مع العرب
1-35 a.m	سفر ہم نے کیا
2-00 a.m	چلڈرنز کارنر
3-00 a.m	علمی خطابات
3-55 a.m	خطبہ جمعہ
5-00 a.m	تلاوت، درس، خبریں
5-55 a.m	عربی پروگرام
6-25 a.m	لقاء مع العرب
7-25 a.m	جلسہ سالانہ امریکہ کے پروگرام
8-25 a.m	سوال وجواب
9-25 a.m	راہ ہدایت
10-05 a.m	سیرت حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحب شہید
11-05 a.m	تلاوت، درس، خبریں
12-00 p.m	چلڈرنز کلاس
1-05 p.m	عربی پروگرام
1-25 p.m	لجنہ میگزین
2-05 p.m	سوال وجواب
3-10 p.m	انڈونیشین سروس
4-10 p.m	سندھی پروگرام
5-05 p.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-05 p.m	حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا جلسہ سالانہ 2003ء UK سے خطاب
9-00 p.m	چلڈرنز کلاس
10-10 p.m	لجنہ میگزین
10-50 p.m	سوال وجواب

بدھ 6/اپریل 2005ء

12-00 a.m	عربی پروگرام
12-35 a.m	لقاء مع العرب
1-35 a.m	راہ ہدایت
3-30 a.m	حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا جلسہ سالانہ 2003ء UK سے خطاب
5-00 a.m	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
6-00 a.m	گلدستہ پروگرام
6-40 a.m	لقاء مع العرب
7-55 a.m	ایم ٹی اے ورائٹی
8-30 a.m	خطبہ جمعہ
9-30 a.m	تقاریر جلسہ سالانہ
10-05 a.m	سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
11-00 a.m	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
12-15 p.m	گلشن وقف نو
1-20 p.m	ہماری کائنات
1-55 p.m	سوال وجواب
2-55 p.m	انڈونیشین پروگرام
3-55 p.m	سواحیلی پروگرام
5-00 p.m	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
6-05 p.m	بنگلہ پروگرام
7-05 p.m	خطبہ جمعہ 19/اکتوبر 1984ء
8-00 p.m	تقاریر جلسہ سالانہ
9-00 p.m	گلشن وقف نو
10-10 p.m	سفر ہم نے کیا
10-45 p.m	گلدستہ پروگرام
11-25 p.m	سوال وجواب

جمعرات 7/اپریل 2005ء

12-25 a.m	لقاء مع العرب
1-40 a.m	ہماری کائنات
2-05 a.m	گلشن وقف نو
3-05 a.m	تقاریر جلسہ سالانہ
3-35 a.m	سفر ہم نے کیا
4-05 a.m	خطبہ جمعہ
5-00 a.m	تلاوت، انصار سلطان القلم، خبریں
6-00 a.m	چلڈرنز کارنر
6-35 a.m	لقاء مع العرب
7-45 a.m	ورائٹی پروگرام
8-15 a.m	ترجمۃ القرآن کلاس
9-25 a.m	اردو ادب کا احمدیہ دبستان
10-00 a.m	مشاعرہ
11-00 a.m	تلاوت، انصار سلطان القلم، خبریں
12-00 p.m	بستان وقف نو
1-10 p.m	المائدہ
1-45 p.m	ملاقات
2-55 p.m	انڈونیشین پروگرام
4-00 p.m	پشتو پروگرام
5-00 p.m	تلاوت، انصار سلطان القلم، خبریں
6-00 p.m	بنگلہ پروگرام
7-05 p.m	ترجمۃ القرآن کلاس
8-05 p.m	اردو ادب کا احمدیہ دبستان
8-35 p.m	المائدہ
9-00 p.m	دورہ سپین
10-00 p.m	مشاعرہ
11-15 p.m	ملاقات

☆......☆......☆

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

مکرم چوہدری محمد اقبال صاحب صدر حلقہ شاہدرہ ٹاؤن لاہور تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی شفق اقبال صاحبہ کا نکاح ہمراہ مکرم کاشف وقاص آصف صاحب ابن مکرم چوہدری محمود احمد صاحب آف کاہلوں کیلگری کینیڈا کے ساتھ پندرہ ہزار کینیڈین ڈالرحق مہر پر مورخہ 23 جنوری 2005ء کو مکرم چوہدری محمد رفیع احمد صاحب نے شاہدرہ ٹاؤن نے پڑھا۔ مکرمہ شفق اقبال صاحبہ مکرم چوہدری شاہ دین صاحب مرحوم آف گھٹیالیاں رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں اور وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہیں۔ اور چوہدری جان محمد صاحب مرحوم سابق صدر جماعت کوٹ عبدالمالک کی نواسی ہیں۔ مکرم کاشف وقاص آصف صاحب مکرم ڈاکٹر محمد عبداللہ صاحب کاہلوں مرحوم آف چھو رمغلیاں 117 سابق صدر سانگلہ ہل کی نسل سے ہیں اور مکرم چوہدری محمد یوسف صاحب سابق آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے نواسے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے بابرکت اور خیر کثیر کا باعث بنائے اور ثمراتِ حسنہ سے نوازے۔ آمین

ولادت

مکرم شہزاد احمد اسلم ناظم اشاعت علاقہ بہاولنگر تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کو اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹی اور ایک بیٹے کے بعد مورخہ 28 فروری 2005ء کو بیٹے سے نوازا ہے۔ بچہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے نومولود کا نام جاذب احمد عطا فرمایا تھا۔ بچہ ڈاکٹر محمد سلیم صاحب صدر جماعت چک نمبر 327/H.R کا پوتا اور محمد ظفر صاحب 278/H.R کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، صالح، خادم دین اور اسم بامسمیٰ بنائے اور والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہو۔ آمین

درخواست دعا

مکرم محمد محمود طاہر صاحب تحریر کرتے ہیں کہ مکرمہ آمنہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم بشارت احمد صاحب آف دارالیمن وسطی حلقہ حمد حال سرگودھا بلڈ پریشر اور شوگر کی وجہ سے بیمار چلی آ رہی ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی شفائے کاملہ و عاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

شکریہ احباب

مکرم غلام نبی شاہد سابق مربی سلسلہ افریقہ حال مقیم بیلجیئم لکھتے ہیں۔ میری اہلیہ محترمہ بشارت بیگم صاحبہ مورخہ 23 دسمبر 2004ء کو مختصر علالت کے بعد اس جہان فانی سے رحلت کر گئیں آپ بوقت وفات میرے ساتھ ٹرن ہاؤٹ بیلجیئم میں مقیم تھیں۔ محترم امیر صاحب بیلجیئم جماعت نے نماز جنازہ پڑھائی اس کے بعد جنازہ ربوہ لے جایا گیا۔ جہاں مورخہ 27 دسمبر 2004ء کو بعد نماز عصر بیت مبارک میں محترم مولانا راجہ نصیر احمد صاحب ناصر ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں قبر تیار ہونے پر محترم راجہ صاحب نے ہی دعا کرائی۔ میری اہلیہ صاحبہ کی رحلت میری اولاد اور عزیز واقارب کے لئے گہرے رنجم کا باعث بنی تاہم دکھ اور غم کے موقعہ پر سینکڑوں احباب نے ربوہ یورپ اور امریکہ سے میرے بیٹوں کے ہاں تشریف لا کر نیز فون، خطوط، فیکس وغیرہ کے ذریعہ اپنے دلی جذبات کا اظہار کیا اور ہمارا دکھ بانٹا اور ہمیں حوصلہ دلاتے رہے۔ لہٰذا میں روزنامہ الفضل کے ذریعہ ان تمام احباب جماعت کا سب لواحقین کی طرف سے تہہ دل سے ممنون اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس محبت اور ہمدردی کیلئے آپ سب کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

تقریب شادی

☆ مکرم رانا مبارک احمد صاحب محاسب جماعت احمدیہ لاہور تحریر کرتے ہیں کہ مکرم میاں بشیر احمد صاحب امین جماعت احمدیہ لاہور کی بیٹی صبا صاحبہ کی شادی ہمراہ مکرم ظفر اقبال قریشی صاحب Heeren ہالینڈ (Halland) مورخہ 13 مارچ کو 2005ء کو بمقام شادی ہال۔ لیک روڈ لاہور ہوئی۔ اسی دن عزیزہ کی رخصتی عمل میں آئی۔ مکرم منیر احمد فرخ صاحب امیر جماعت احمدیہ اسلام آباد نے دعا کروائی۔ مورخہ 14 مارچ 2005ء کو ولیمہ بھی ہوا۔ اس سے پہلے نکاح مورخہ 9 مارچ 2001ء کو مکرم چوہدری حمید نصر اللہ خان صاحب امیر جماعت احمدیہ لاہور نے دارالذکر لاہور میں پڑھایا تھا محترمہ صبا صاحبہ مکرم میاں محمد یحییٰ صاحب مرحوم سابق سیکرٹری تحریک جدید جماعت احمدیہ لاہور کی پوتی اور حضرت میاں محمد موسیٰ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی کی نسل سے ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ یہ رشتہ سلسلہ کے لئے اور دونوں خاندانوں کے لئے مثمر بمثرات حسنہ بنائے۔

سود کی حرمت اور اس کے نقصانات

قسط دوم آخر

مبشر احمد خالد صاحب

سود کے متبادل جائز ذرائع

حضرت مصلح موعود سود کے متبادل جائز ذرائع بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''سود کی ضرورت مندرجہ ذیل اسباب کی وجہ سے ہوتی ہے۔

1۔غریب انسان اپنے گزارہ کے لئے قرض لیتا ہے۔

2۔تاجر صناع یا زمیندار اپنے کاروبار کو وسعت دینے کے لئے قرض لیتا ہے۔

3۔ایک صاحب جائیداد مصیبت زدہ جس کے پاس نقد روپیہ موجود نہیں کسی ناگہانی آفت سے بچنے کے لئے قرض لیتا ہے۔

1۔ظاہر ہے کہ غریب انسان جو آٹھ روپے کما نہیں سکتا وہ آٹھ روپے سود پر لے کر نو کہاں سے ادا کرے گا؟ چنانچہ کسانوں کی موجودہ حالت اس حماقت کو کلی طور پر ظاہر کر رہی ہے۔ایک مرے ہوئے انسان کو مارنا انتہا درجہ کا ظلم ہے۔جو پہلے ہی مر رہا ہے اس پر اور بوجھ لاد دینے کا کیا مطلب ہوا۔آخر اس ظلم کے نتیجہ میں ایک اور ظلم پیدا ہوتا ہے۔یعنی جب مقروض قرضہ نہیں دے سکتے تو وہ قرضہ سے کلی طور پر انکار کر دیتے ہیں۔

2۔تاجر یا صناع یا زمیندار اپنے کاروبار کو وسعت دینے کے لئے قرض لیتا ہے۔زمیندار کی صورت میں اگر یہ قرض جائیداد کی بہتری کے لئے لیا گیا ہو تو ...... نے رہن کی صورت کو جائز رکھا ہے اس تدبیر سے اس نے ایک طرف تو لوگوں کو اتنا قرض اٹھانے سے جسے ادا کرنا ان کی طاقت سے باہر ہو روک دیا ہے۔اور دوسری طرف جائز ضرورت کے پورا کرنے کا راستہ بھی کھلا رکھا ہے۔

ایک تاجر اور صناع کے لئے دوسرے لوگوں کو شریک کار کرنے کا راستہ کھلا ہے۔اگر اسے سود سے کاروبار بڑھانے کی اجازت دی جائے اور وہ اپنی تجارتی کوشش میں ناکام رہے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دوسرے لوگوں کا روپیہ ضائع جائے گا۔ اور اگر کامیاب ہو تو بے انتہا دولت ایک ہاتھ میں جمع ہو جائے گی جو انصاف اور ضروریات تمدن دونوں کے خلاف ہے۔

3۔تیسری صورت ایسی ہے کہ جسے ایک حد تک جائز قرار دیا جا سکتا ہے۔کیونکہ اس پر نہ وہ اعتراض پڑتا ہے جو پہلی صورت پر پڑتا تھا کہ یہ دے گا کہاں سے۔اور نہ وہ اعتراض پڑتا ہے جو دوسری صورت میں پڑتا تھا یعنی یہ کیا حق رکھتا ہے کہ سب دنیا کی دولت اپنی ذہانت سے سمیٹ کر اپنے گھر میں جمع کر لے۔کیونکہ اس صورت میں ایک ایسا شخص قرض لیتا ہے جس کے پاس جائیداد ہے یا قابلیت کمانے کی موجود ہے لیکن ایک ناگہانی آفت کی وجہ سے اسے ایک وقت میں اتنا روپیہ دینا پڑ گیا ہے جو اس کے پاس جمع نہیں۔بظاہر عقل کہتی ہے کہ اسے سود پر قرض لینے کی اجازت ہونی چاہئے۔اس کو سود پر روپیہ قرض دینا ظلم بھی نہیں کیونکہ یہ صاحب حیثیت ہے اور یہ لوگوں کے روپیہ سے کھیلتا بھی نہیں کیونکہ اس کے پاس جائیداد ہے یا وہ نوکری پیشہ ہے جو اس کے قرض کے ادا ہونے کے لئے کافی ضمانت ہے۔

لیکن سوال یہ ہے کہ ایسے شخص کو سود کی اجازت دے کر سود کا دروازہ کھول دینا زیادہ اچھا ہے یا ایسے شخص کے لئے کوئی دوسری صورت کھولنا؟ یقیناً اگر اس شخص کو اجازت ملے تو دوسری دونوں قسم کے لوگ اس کی مثال پر اپنے لئے بھی سود لینے کا فتویٰ دیں گے۔ اور یہ لعنت دنیا میں قائم رہے گی۔ پس اس کے لئے بھی کوئی اور ہی راستہ کھولنا زیادہ مفید ہو سکتا ہے۔

...... نے ان تمام باتوں کو مدنظر رکھ کر ایک مفصل تعلیم دی ہے۔اس تعلیم کا مغزیہ ہے کہ

1۔ہر شخص کو کھانا کپڑا مکان اور علم میسر ہونا چاہئے۔

2۔کسی ایک شخص کے پاس بے انتہا دولت جمع نہیں ہونی چاہئے۔

3۔روپیہ پیسہ کسی کے پاس جمع نہیں رہنا چاہئے بلکہ اسے چکر کھاتے رہنا چاہئے تا کہ سب لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے رہیں۔

4۔جن کو جائز ضرورتیں پیش آئیں ان کے پورا کرنے کا سامان کرنا حکومت اور سوسائٹی کے ذمہ ہے۔

نمبر 2 کی شق کے ماتحت اس نے تجارتی سود کو منع کیا ہے۔کیونکہ بے انتہا دولت ہمیشہ سود پر روپیہ لینے سے جمع ہوتی ہے۔اور اس طرح انسان دوسروں کے روپیہ سے ایک جوا کھیلتا ہے۔اگر کامیاب ہوا تو کروڑ پتی ہو گیا اور اگر ہارا تو اس کا روپیہ تو تھا نہیں۔قرض خواہ کیا کر لیں گے زیادہ سے زیادہ قید کرا دیں گے۔

اس کی دوسری شق کے ماتحت اس نے تقسیم جائیداد کا حکم دیا ہے یعنی ہر شخص کی جائیداد کو اس کے وارثوں میں تقسیم کرنا ضروری قرار دیا ہے۔یہ جائز نہیں رکھا کہ کوئی شخص صرف ایک لڑکے کو جائیداد دے دے تا کہ جو کچھ بھی اس شخص نے کمایا ہے وہ ایک ہی ہاتھ میں جمع رہ کر ہمیشہ کے لئے ایک خاندان کے بعض افراد کو فوقیت نہ دے دے۔

نمبر اول کے ماتحت اس نے حکومت کو حکم دیا ہے کہ سب کے لئے کھانا کپڑا مکان وغیرہ مہیا کرے۔ اور اس کے لئے زکوٰۃ اور خراج وغیرہ کا سلسلہ جاری کیا ہے اور افراد پر صدقہ واجب کیا ہے۔

نمبر 3 کے لئے اس نے ورثہ اور زکوٰۃ کا سلسلہ جاری کیا ہے اور سود سے منع کیا ہے۔

اور نمبر 4 کے لئے بھی زکوٰۃ اور صدقات کا سلسلہ اور رہن یا قبضہ یا بیع مسلم کا سلسلہ جاری کیا ہے۔

غرض ان اصول پر اس نے ایک مکمل نظام تیار کیا ہے۔اگر یہ مکمل نظام دنیا میں جاری کیا جائے اور پھر کوئی نقص رہ جائے تب تو ...... کی تعلیم پر اعتراض ہو سکتا ہے ورنہ نظام تو مغربی جاری ہو اور ...... پر اعتراض ہو کہ اس نے سود سے منع کر کے اس کا علاج کیا بتایا ہے ایک لغو اور بیہودہ فعل ہے۔''

(تفسیر کبیر جلد دوم ص 635,634)

سود کے نتیجہ میں قومی و بین الاقوامی امن کی تباہی

سودی تجارت و کاروبار کے نتیجہ میں قومی و بین الاقوامی نقصانات و تباہی کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود بیان فرماتے ہیں:۔

الـمـس ......اس جگہ مس سے مراد جنون ہے اور جنون کے نتیجہ میں انسانی حرکات میں بے راہ روی پیدا ہو جاتی ہے اور سوچنے اور غور و فکر سے کام لینے کا مادہ اس میں نہیں رہتا۔پس مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں کے کام اس طرح ہوتے ہیں جس طرح ایسا شخص جسے جنون کی بیماری نے ستایا ہوا ہو کھڑا ہوتا ہے۔یعنی جس طرح اس میں وقار نہیں ہوتا اور سرعت اور بے پرواہی ہوتی ہے یہی حال سود خوروں کا ہوتا ہے ان کے کاموں میں بھی ناواجب سرعت پیدا ہو جاتی ہے اور پرواہ اور احتیاط کم ہو جاتی ہے۔چنانچہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ سودی کاروبار کرنے والے لوگ ایسے فتنے پیدا کرتے رہتے ہیں جن کے نتیجہ میں لڑائی ہو اور ان کا روپیہ صرف ہو گویا جس طرح ایک مجنون نتیجہ دیکھنے کا عادی نہیں ہوتا۔اسی طرح سود پر روپیہ دینے والا سود پر روپیہ دیتا چلا جاتا ہے اور سوچتا نہیں کہ اس کا کیا انجام ہوگا۔اسے صرف یہ دھت ہوتی ہے کہ کوئی فتنہ پیدا ہو اور لوگ ہم سے سودی قرضہ لیں اور اس طرح ہمارا مال بڑھے۔ پھر اس سے بڑھ کر بڑی بڑی حکومتوں کو بھی اپنی طاقت سے بڑھ کر سود پر قرض لینے کی جرأت ہو جاتی ہے۔اور وہ عواقب سے لاپرواہ ہو کر خونریز جنگیں شروع کر دیتی ہیں۔ درحقیقت ایسی لمبی لڑائیاں جو قوموں کی قوموں کو پیس ڈالتی ہیں۔لاکھوں عورتوں کو بیوہ اور کروڑوں بچوں کو یتیم بنا دیتی ہیں جو لاکھوں بیٹوں کو برباد اور لاکھوں باپوں کو ہلاکت کے گھاٹ اتار دیتی ہیں وہ تبھی جاری رہ سکتی ہیں جبکہ سود کے ذریعہ مالی حالت کو قائم رکھا جائے۔پہلی جنگ عظیم میں سات کروڑ روپیہ یومیہ صرف گورنمنٹ انگریزی کا خرچ ہوتا تھا اور اسی قدر بلکہ اس سے بھی زیادہ جرمنی کا خرچ ہوتا تھا۔اگر سود کا دروازہ کھلا نہ ہوتا تو جرمنی اس خرچ کو ایک سال تک بھی برداشت نہ کر سکتا۔اور اس کا سارا اندوختہ تھوڑی مدت میں ختم ہو جاتا۔پھر اس نے کیا کیا۔یہی کہ سود کے ذریعہ کئی سال تک خرچ چلاتا رہا۔پھر لڑائی کی بنیاد بھی سود ہی کی وجہ سے پڑی۔یہ ٹھیک ہے کہ اتحادی حکومتوں نے دفاعی طور پر جنگ کی لیکن جرمنی کو کس چیز نے لڑائی چھیڑنے کی جرأت دلائی۔اسی سود نے۔وہ سمجھتا تھا کہ اگر جنگ شروع ہو گئی تو سود کے ذریعہ میں جس قدر روپیہ چاہوں گا حاصل کر لوں گا اور جنگ جاری رکھ سکوں گا۔اگر سود کا دروازہ بند ہوتا تو اس قدر عظیم الشان جنگ جاری رکھنے کا اسے خیال ہی نہ آتا۔اور اگر براہ راست جرمنوں پر ٹیکس پڑتے تو وہ ایک سال بھی لڑائی جاری نہ رکھ سکتے اور فوراً ملک میں شور پڑ جاتا کہ ہم اس قدر بوجھ برداشت نہیں کر سکتے۔لیکن سود کے ذریعہ روپیہ لے کر لوگوں کو اس بوجھ سے غافل رکھا جاتا ہے۔ جو جنگ کے لمبا کرنے کی وجہ سے ان پر پڑتا ہے۔پس سود لڑائی کا ایک بھاری سبب ہے۔یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے احکام جنگ کے بعد سود کا بھی ذکر فرما دیا کیونکہ سود کا جنگ کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔

(تفسیر کبیر جلد دوم ص 636,635)

سود کے سیاسی نقصانات

حضرت مصلح موعود سود کے سیاسی نقصانات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

اگر تم نے سود کو نہ چھوڑا تو تم خدا اور اس کے رسول سے لڑنے کے لئے تیار ہو جاؤ۔ یہ ایک بہت ہی بڑی تنبیہ ہے جو ...... کو کی گئی مگر افسوس ہے کہ انہوں نے اس حکم کی خلاف ورزی کی اور پھر اس کا خطرناک نتیجہ بھی انہوں نے دیکھا۔ ان کی زمینیں اور جائیدادیں چھن کر دوسروں کے پاس چلی گئیں۔اور وہ مفلس اور قلاش ہو گئے بلکہ ......کی گزشتہ دور میں جس قدر سلطنتیں تباہ ہوئیں ان کی تباہی کی بڑی وجہ بھی یہی ہوئی۔ وہ اکثر سود لے کر یا سود دے کر ہی تباہ ہوئی ہیں۔اگر انہوں نے سودی روپیہ لیا تو روپیہ دینے والی سلطنتوں نے ان کے ملک میں آہستہ آہستہ اپنا تسلط جمانا شروع کیا۔کبھی ریلوں کا ٹھیکہ کیا۔کبھی کانوں کو کفالت میں رکھا کبھی کسی اور چیز پر قبضہ کر لیا اور آہستہ آہستہ تمام ملک پر چھا گئے ۔ پھر اگر انہوں نے سود پر قرض دیا۔تو جب کبھی سلطنتوں کے تعلقات میں کشیدگی پیدا ہوئی تو وہ ارکان سلطنت جنہوں نے اپنا تمام سرمایہ غیروں کو سود پر دیا ہوا تھا اپنے قرض داروں کے طرف دار ہو گئے تا کہ ان کا روپیہ نہ مارا جائے۔ چنانچہ لکھنؤ اور اودھ والوں نے ایسا ہی کیا۔انہوں نے کسی کو سود دیا نہیں

بلکہ خود لینا چاہا اور بہت سارو پیہ انگریزی بینکوں میں جمع کرادیا۔ جب لکھنؤ پر حملہ ہوا تو بڑے بڑے رئیسوں کو انگریزوں نے کہلا بھیجا کہ اگر تم ذرا بھی مخالفت کرو گے تو تمہارا تمام مال جو ہمارے بینکوں میں ہے ضبط کرلیا جائے گا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سب لوگ خاموش ہو کر بیٹھ گئے اور ایک شخص بھی نواب کی تائید میں نہ اٹھا۔ ایک ڈاکو کے قتل پر بھی بہت سے لوگ مارے جاتے ہیں لیکن لکھنؤ کے نواب کے قتل پر ایک شخص بھی انگریزوں کے مقابلہ کے لئے تیار نہ ہوا۔ غرض سیاسی طور پر سود کا لینا بھی مسلمانوں کے حق میں سخت نقصان دہ ثابت ہوا۔ کیونکہ انہوں نے خدا تعالیٰ کے حکم کی صریح خلاف ورزی کی۔ یوں تو دوسری حکومتیں بھی سود لیتی اور دیتی رہی ہیں مگر ان کو اس سے وہ نقصان نہیں پہنچا جو...... کو ہوا۔ اس کی ایک روحانی وجہ ہے اور وہ یہ ہے کہ دوسرے مذاہب کو اللہ تعالیٰ نے کلی طور پر اس طرح چھوڑ رکھا ہے جس طرح ایک باپ اپنے بچہ کو عاق کردیتا ہے اور اس سے کوئی تعلق نہیں رکھتا لیکن ......اس بچے کی طرح ہیں جس سے اس کے ماں باپ کو پیار ہوتا ہے۔ پس ...... جب بھی احکام الٰہیہ کی خلاف ورزی کریں گے انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسی طرح تھپڑ پڑے گا جس طرح ایک باپ اپنے بچے کو تھپڑ مارتا ہے۔ کیونکہ وہ اس کی اصلاح کرنا چاہتا ہے۔ اگر کوئی...... کو چھوڑ کر کوئی اور مذہب اختیار کرلے تو اللہ تعالیٰ اس سے اپنا تعلق منقطع کرلے گا اور دنیا میں اس کی اصلاح کے لئے اپنا ہاتھ نہیں بڑھائے گا۔ مگر...... کی تو یہ حالت ہے کہ ایک طرف تو وہ بڑے زور سے محمد رسول اللہ ﷺ کی صداقت کا اقرار کرتے ہیں اور دوسری طرف آپ کے احکام کی خلاف ورزی بھی کرتے ہیں اور یہ صورت ایسی ہے جس میں خدا تعالیٰ کا ہاتھ ان کی گرفت کے لئے بڑھتا ہے اور انہیں وقتاً فوقتاً فہمائش کرتا رہتا ہے۔ ورنہ محض کفر پر اس دنیا میں نہیں بلکہ اگلے جہان میں عذاب دیا جاتا ہے اور ایسا کافر جو کسی کو دکھ نہیں دیتا اور اپنے خیال کی بنا پر اپنے مذہب پر عمل کرتا رہتا ہے۔ اس سے یہاں کوئی پرسش نہیں کی جاتی۔ مگر وہ لوگ جو...... کو قبول کرتے ہوئے پھر بھی...... کے احکام پر عمل نہیں کرتے ان کو یہاں بھی سزا دی جاتی ہے تاکہ وہ خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کریں۔ اور ان کا خدا تعالیٰ سے تعلق کلی طور پر منقطع نہ ہو۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ دوسری سلطنتوں پر بھی مختلف اوقات میں زوال آئے۔ مگر وہ زوال صرف سیاسی رنگ کے تھے۔ لیکن ...... سلطنتیں محض اس لئے تباہ ہوئیں کہ انہوں نے سود پر قرض لیا یا دیا اور اس طرح ...... احکام کی خلاف ورزی کی۔''

(تفسیر کبیر جلد دوم ص 640,639)

سود کے بارہ میں سخت تنبیہ

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے سودی کاروبار کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے جنگ کرنے کے مترادف قرار دیا ہے۔ اس ارشاد خداوندی کی تفسیر کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''فاذنوا...... سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص سود دے یا لے اس سے قومی طور پر بائیکاٹ کرنا چاہئے۔ کیونکہ وہ باغی ہے اور خدا تعالیٰ اور اس کے رسول کے ایک واضح حکم کی نافرمانی کرنے والا ہے۔

وان تبتم ...... کے متعلق یہ امر یاد رکھنا چاہئے کہ یہ حکم صرف ان لوگوں کے لئے ہے جنہوں نے سود پر روپیہ دیا ہوا تھا مگر پھر انہوں نے توبہ کرلی۔ اللہ تعالیٰ انہیں فرماتا ہے کہ اگر آئندہ کے لئے تم اس فعل سے توبہ کرلو تو راس المال وصول کرنا تمہارے لئے جائز ہے۔ گو ممکن ہے کہ اس عرصہ میں تم اصل مال سے بھی زیادہ سود لے چکے ہو۔''

سودی آمد کا مصرف

موجودہ زمانہ میں زیادہ تر بینکوں کا انحصار سود پر ہے اس لئے بینکوں میں پیسہ محفوظ رکھنے کی غرض سے اگر پیسہ رکھوایا جائے تو اس رقم پر ملنے والے سود کے متعلق سوال اٹھ سکتا ہے کہ سودی آمد کا مصرف کیا ہو۔ اس سلسلہ میں حضرت مسیح موعود کے ارشاد کے تابع حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے درج ذیل راہنمائی فرمائی ہے۔

''سودی آمد کی رقم حضرت مسیح موعود کے ارشاد کی روشنی میں یا تو سود اتارنے کے لئے خرچ ہوسکتی ہے یا پھر اسے اشاعت (-) کی غرض سے نظام جماعت کو ادا کیا جائے۔ اس سے چندے وغیرہ ادا کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

سود کے بارے میں میرے نزدیک ایک انتظام احسن ہے اور وہ یہ ہے کہ جس قدر سود کا روپیہ آوے آپ اپنے کام میں اس کو خرچ نہ کریں بلکہ اس کو الگ جمع کرتے جائیں اور جب سود دینا پڑے اسی روپیہ میں سے دے دیں اور اگر آپ کے خیال میں کچھ زیادہ روپیہ ہوجائے تو اس میں سے کچھ مضائقہ نہیں ہے کہ وہ روپیہ کسی ایسے دینی کام میں خرچ ہو جس میں کسی شخص کا ذاتی خرچ نہ ہو بلکہ اس سے اشاعت دین ہو۔''

(سیرت المہدی جلد دوم ص 112 مطبوعہ اسلامیہ سٹیم پریس لاہور 1927ء)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں سود کی لعنت سے محفوظ رکھے اور اپنی رحمتوں اور فضلوں کا وارث بنائے۔ آمین

منن الرحمان کی ایک عربی عبارت کا مفہوم

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''عربی زبان اور صحیفہ قدرت میں طبعی تعلقات واقع ہیں اور ابدی نوعیت کے انعکاس ہیں گویا وہ دونوں خدائے رحمان کی طرف سے دو آئینے ہیں جو ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہیں یا دو جڑواں بچے ہیں جو ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں یا دو چشمے ہیں جو ایک منبع سے نکلتے اور ایک دوسرے کے برابر بہتے چلے جاتے ہیں۔''

(منن الرحمان۔ روحانی خزائن جلد 9 ص 195)

خواجہ محمد اکرم صاحب

لمبی عمر پانے اور صحتمند رہنے کے لئے
چند مفید مشورے

عمر کی درازی اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ میں رکھی ہے۔ فرمایا (-) (سورۃ الواقعہ) یعنی ہم نے تمہارے درمیان موت کا اندازہ مقرر کیا ہے اور اس اندازے سے کوئی سبقت نہیں لے جاسکتا اس لئے جو امور بیان کئے جاویں گے وہ عطا شدہ عمر کو باصحت اور خوش و خرم رکھنے کے ذرائع ہیں۔ درازی عمر کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ انسانوں کے لئے نفع رساں وجود کو زیادہ لمبا عرصہ قائم رکھتا ہوں۔ نفع رساں کون ہے۔ وہی جو اللہ کے حکموں پر نبی کریم ﷺ کے ارشادات کی روشنی میں اوامر و نواہی پر عمل کرتا ہے۔ اس دنیا میں کامیابیوں کی جنت اور آخرت میں جنت النعیم کا خزانہ پالیتا ہے۔

صبح جلدی بیدار ہونا

رات کو جلدی سونا اور صبح تہجد کے لئے بیدار ہونا صحت کے لئے مفید ہے، رفع حاجت سے فارغ ہو کر مسواک کریں۔ آپ کے دانت مضبوط رہیں گے۔ دانتوں کی صفائی کے بعد مکمل وضو کریں۔ دونوں بازوؤں کو کہنیوں تک اور دونوں پاؤں کی انگلیوں کو اچھی طرح دھوئیں۔ وضو کے دوران آنکھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔ آنکھوں کی بیماریوں سے بچے رہیں گے۔ دن اور رات میں جب بھی رفع حاجت سے فارغ ہوں، مکمل وضو کریں آپ کے دل و دماغ کو تقویت پہنچے گی اور فرشتے بھی آپ کے قریب رہیں گے۔

سیر اور ورزش

صحتمند رہنے کے لئے دوسرا اہم ذریعہ نماز فجر کے بعد سیر اور ورزش ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا تھا کہ انصار کے لئے روزانہ کم از کم چار پانچ کلومیٹر سیر ہونی چاہئے۔ ساٹھ سال کی عمر تک جسمانی صحت کی رعایت کے ساتھ ورزش کی جاسکتی ہے۔ ساٹھ سال کی عمر کے بعد سیر ہی کافی ورزش ہے دوسری ورزشیں دل کے عارضہ کا موجب ہوسکتی ہیں۔

غسل

روزانہ غسل صحتمند رہنے کے لئے بہت مفید ہے۔ بعض لوگ سخت سردیوں میں بھی روزانہ غسل کے عادی ہوتے ہیں جس سے ان کا چہرہ پُر رونق رہتا ہے۔ گرمی کے موسم میں ایک سے زائد مرتبہ بھی نہایا جاسکتا ہے۔

متوازن خوراک

صحتمند رہنے کے لئے ایک ضروری امر کم کھانا ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مومن کم کھاتا ہے پھر سوال یہ ہے کہ کیا کھایا جاوے۔ بڑھاپے کی بیماریوں سے بچنے کے لئے دودھ اور دہی کا استعمال کریں۔ تازہ تحقیق یہ ہے کہ دہی اور سبزیاں کھانے والوں کی عمر زیادہ ہوتی ہے اس کے بعد پھل اور پھلوں کی مصنوعات کا استعمال بھی صحت کے لئے بہت مفید ہے۔ ہر موسم کے تازہ پھلوں اور سبزیوں کو ترجیح دیں۔ خوراک میں سب سے مفید شہد کا استعمال ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس میں انسانوں کے لئے شفاء ہے۔ بڑھاپے کی ذہنی اور اعصابی بیماریوں سے بچنے کا سب سے بڑا علاج شہد کا استعمال ہے۔ خوراک کے ذکر میں روزہ کی طرف توجہ دلانا بھی ضروری ہے۔ روزہ انسان کے اعصاب کو تقویت بخشتا ہے اور جملہ اعضائے رئیسہ کو زندگی عطا کرتا ہے۔

آرام و سکون

بڑی عمر کے افراد کے لئے نیند اور آرام بھی بہت ضروری ہے کم از کم سات گھنٹے آرام مع نیند ضروری ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا تھا کہ حقیقی اور گہری نیند صرف دس منٹ آتی ہے جو ایک نئی زندگی بخشتی ہے۔

مناسب علاج

انسانی جسم میں بعض غلطیوں کمزوریوں اور موسمی تبدیلیوں کی وجہ سے بیماریاں لاحق ہوجاتی ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہر بیماری کے لئے علاج ہے اس لئے لازم ہے کہ ہر بیماری کا شروع میں ہی علاج کرکے قلع قمع کردیا جاوے۔ دنیا میں کافی تعداد میں لوگ بالخصوص دیہات میں مناسب علاج نہ ملنے کی وجہ سے وفات پاجاتے ہیں۔ دعا کرنی چاہئے کہ صحیح علاج اور معالج میسر آجاوے۔

ذہنی سکون

صحت جسمانی کے لئے ایک بڑی ضرورت اطمینان قلب کی ہے۔ اللہ فرماتا ہے خوب غور سے سنو۔ اللہ کا ذکر دلوں کو اطمینان بخشتا ہے۔ سب سے اہم ذکر نماز باجماعت ہے۔ خشوع و خضوع کی حالت نماز مومن کو گہرا سکون عطا کرتی ہے۔ دشمنوں کے قصوروں کو معاف کردیں اللہ آپ کی خطائیں معاف فرمادے گا اور سکون کی جنت اسی دنیا میں عطا فرمائے گا۔

حضرت مسیح موعود نو جوانی میں ورزش کرتے تھے اور بڑی عمر میں لمبی سیر آپ کا معمول تھا۔

مکرم مرزا نصیر احمد صاحب Ph.D (Earth Sciences)

زلزلے کیوں آتے ہیں؟

زلزلے ایک ایسی آفت ہیں جو انسان کے لئے ہمیشہ سے معمہ رہے ہیں۔ اس جدید زمانے میں سائنسدان زلزلے آنے کی وجوہات کسی حد تک معلوم کر سکے ہیں۔ لیکن ابھی تک زلزلوں کی معین پیشگوئی نہیں کی جاسکتی۔ ماہر علوم ارضیات نے زلزلے آنے کی دو بڑی وجوہات بیان کی ہیں۔

1۔ ایسے زلزلے جو آتش فشاں پھٹنے کی وجہ سے آتے ہیں۔

2۔ وہ زلزلے جو Plate boundaries پر آتے ہیں۔

کانگڑہ میں 1905ء میں آنے والا زلزلہ بھی Plate Movements کی وجہ سے آیا۔ کانگڑہ کے زلزلے کی سائنسی وجوہات جاننے کے لئے ہمارے لئے زمین کی ساخت کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔

جغرافیہ دانوں (Geologists) نے زمین کو کیمیائی لحاظ سے تین بڑے حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ زمین کا سب سے اوپر والا حصہ جس کے اوپر ہم چلتے ہیں کو کرسٹ (Crust) کہا جاتا ہے۔

کرسٹ کے نیچے زمین کی ایک اور تہہ ہے جس کو Mantle کہا جاتا ہے۔ اس کی Density کرسٹ کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہے۔ Mantle کے نیچے زمین کا سب سے اندرونی حصہ ہے جس کی Density سب سے زیادہ ہے اس کو Core کہتے ہیں۔ زمین کی مختلف تہوں کی Density کا فرق اس وجہ سے ہے کہ ان میں مختلف قسم کے کیمیائی مادے ہیں۔ مثلاً Core جو سب سے زیادہ کثیف ہے اس میں لوہا اور بعض دوسری دھاتیں ہیں۔

زمین کی مندرجہ بالا تقسیم کیمیائی لحاظ سے کی گئی ہے۔ سائنس دانوں نے زمین کو ایک اور لحاظ سے بھی تقسیم کیا ہے جس کو مکینیکل تقسیم کہتے ہیں۔ اس تقسیم کی بنیاد زمین کی مختلف تہوں کی مادی حیثیت پر ہے۔ یعنی وہ مائع یا ٹھوس ہیں۔ اس تقسیم کے لحاظ سے زمین کی سب سے اوپر والی تہہ کو Lithosphere کہتے ہیں۔ اس میں کرسٹ اور مانٹل کا اوپر والا کچھ حصہ شامل ہے۔ یہ تہہ ٹھوس ہے اور نیچے والی تہہ (Layer) جو Aesthenosphere کہلاتی ہے، کے اوپر تیرتی ہے۔ یہ دوسری تہہ نہ تو مکمل طور پر ٹھوس ہے نہ مائع۔ اس کی مثال جیلی سے دی جاسکتی ہے۔ دونوں قسموں کی تقسیم کو بہتر طور پر سمجھنے کے لئے تصویر دیکھیں۔

بیسویں صدی کی پہلی دہائی تک زمین پر مختلف قسموں کی چٹانوں کی موجودگی سائنسدانوں کو سمجھ نہ آسکی۔ مثلاً ماؤنٹ ایورسٹ جس کی اونچائی 8,848 میٹر ہے۔ اس کی چوٹی پر ایسی چٹانیں ہیں جو سمندر میں بنتی ہیں بیسویں صدی کے آغاز تک سائنسدانوں کے پاس اس کی کوئی معقول سائنسی وجہ نہ تھی جو پہاڑ کی چوٹی پر سمندری چٹانوں کی موجودگی کی وضاحت کر سکے۔

1912ء میں ایک جرمن سائنسدان Alfened Wegner نے یہ نظریہ پیش کیا کہ ہماری زمین کے مختلف حصے مستقل حرکت کر رہے ہیں۔ اس نے کہا کہ افریقہ اور جنوبی امریکہ پہلے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے تھے اور اگر ان دونوں براعظموں کو نقشے پر جوڑا جائے تو یہ مکمل طور پر ایک دوسرے میں فٹ ہو جاتے ہیں۔ Wegner نے یہ بھی نظریہ پیش کیا کہ ہندوستان شمال کی طرف حرکت کر رہا ہے اور ہندوستان اور ایشیا کے ٹکراؤ کی وجہ سے ہمالیہ کے پہاڑ بنے۔ جب Wegner نے یہ نظریہ پیش کیا تو بہت کم لوگوں نے اس کے نظریہ کی طرف توجہ کی اور اکثر لوگوں نے اس کو مکمل طور پر رد کر دیا۔

1960ء تک Wegner کا یہ نظریہ مختلف سائنسی طریقوں سے ثابت ہو گیا۔ جدید سائنسی طریقوں سے ثابت ہوا کہ زمین کا اوپر والا حصہ جس کو ہم Lithosphere کہتے ہیں، یہ ساکن نہیں ہے اور یہ مختلف حصوں میں تقسیم ہے اور ہر حصہ مختلف سمت میں حرکت کر رہا ہے۔ ہر حصہ کو Plate کہتے ہیں۔ یہ Plates جیلی نما Aesthenosphere کے اوپر تیر رہی ہیں جہاں یہ Plates ایک دوسرے سے دور جارہی ہیں اس کو Divergent Plate Boundary کہتے ہیں۔ سمندر کی تہہ میں زمین کے اندر سے Lava نکلتا ہے جو Plate کو آگے کی طرف دھکیلتا ہے۔ اس کے برعکس وہ حصے جہاں Plates ایک دوسرے کے نزدیک آرہی ہیں ان کو Convergent Boundary کہتے ہیں۔ اور جب Plates ایک دوسرے سے ٹکراتی ہیں تو پہاڑ بنتے ہیں۔

کئی لاکھ سال پہلے ہندوستان اور ایشیا کے درمیان ایک سمندر تھا جس کو Tethys کہتے ہیں۔ Indian Plate نے کئی لاکھ سال پہلے تقریباً 10cm ہر سال ایشیا کی طرف حرکت کرنی شروع کی جس کے نتیجہ میں آہستہ آہستہ سمندر چھوٹا ہونا شروع ہو گیا اور 55 ملین سال پہلے ہندوستان، ایشیا سے ٹکرا گیا اور اس ٹکراؤ کی وجہ سے ہمالیہ پہاڑ بنے اور وہ چٹانیں جو کسی وقت سمندر میں بنی تھیں اب پہاڑ کی چوٹی پر آگئیں۔

اب بھی Indian Plate ایک سے دو سینٹی میٹر شمال کی طرف حرکت کر رہی ہے۔ جس کی وجہ سے اب بھی ہمالیہ کے بعض پہاڑوں کی اونچائی بڑھ رہی ہے۔ ایسے مقامات جو Palte Boundary پر ہوتے ہیں ان پر زلزلے زیادہ آنے کا امکان ہوتا ہے۔

کانگڑہ بھی دو Plates کی Boundary پر ہے یعنی انڈین اور ایشیائی پلیٹ کے ٹکراؤ کے مقام پر کانگڑہ ہمالیہ کے پہاڑوں کے دامن میں ہے۔ جیسا کہ بیان کیا جاچکا ہے کہ India اب بھی مسلسل شمال کی طرف بڑھ رہا ہے۔ Asia سے ٹکراؤ کے بعد India کے لئے آگے بڑھنا آسان نہیں رہا۔

اس کی مثال ایسی ہی ہے جیسے آپ کسی نرم پلاسٹک کی چیز کو ہاتھ سے دبائیں کچھ دیر تک تو وہ اپنی لچک کی وجہ سے آپ کے دباؤ کو برداشت کرلے گی لیکن جب دباؤ زیادہ ہو جائے گا تو وہ ٹوٹ جائے گی۔ اسی طرح Convergent Boundary پر زلزلے آتے ہیں۔ چٹانیں اپنی لچک کی وجہ سے Convergent Boundary پر کسی حد تک دباؤ برداشت کرتی ہیں لیکن جب دباؤ بڑھ جاتا ہے تو وہ ٹوٹ جاتی ہیں اس کو Fault کہتے ہیں۔ چٹانوں کے ٹوٹنے کی وجہ ہی سے زلزلے آتے ہیں۔ جس جگہ زلزلہ آتا ہے وہاں سے چاروں طرف زلزلے کی Waves پھیل جاتی ہیں۔ زلزلے زمین میں مختلف گہرائی پر آتے ہیں یعنی چٹانیں زمین میں مختلف گہرائی میں ٹوٹتی ہیں۔ یہ گہرائی 700 کلومیٹر تک ہوسکتی ہے۔ اس جگہ کو Focus کہتے ہیں اور وہ جگہ جو Focus کے اوپر زمینکی سطح پر ہوتی ہے اس کو Epicentre کہتے ہیں۔ زلزلوں کو جس پیمانہ سے بیان کیا جاتا ہے اس کو Richter Scale کہتے ہیں۔ اس پیمانے کی بنیاد توانائی پر ہے۔ یعنی زلزلے کے جھٹکے سے کتنی توانائی پیدا ہوتی ہے۔

حضرت مسیح موعود کی پیشگوئی کے مطابق کانگڑہ کا زلزلہ 4/اپریل 1905ء کو صبح 6 بجکر 19 منٹ پر آیا اور Richter Scale پر اس کی طاقت 7.8 تھی۔ اس کا Epicentre کانگڑہ سے 12.7 کلومیٹر مشرق کی طرف تھا۔ یہ Epicentre لاہور سے 203 کلومیٹر شمال مشرق کی طرف تھا۔

اس زلزلے کے جھٹکے دو منٹ تک محسوس ہوتے رہے اور اس پہلے جھٹکے کے بعد 15 منٹ کے اندر کئی اور جھٹکے بھی محسوس کئے گئے۔ اس زلزلے سے سب سے زیادہ نقصان کانگڑہ میں ہوا اور اس زلزلے سے لاہور، سیالکوٹ، راولپنڈی اور امرتسر میں بھی کئی عمارتوں کو نقصان ہوا۔ اس زلزلے کے جھٹکے افغانستان اور برصغیر میں کئی مقامات پر محسوس کئے گئے اس زلزلے سے 20000 لوگ مرے۔ یہ زلزلہ تقریباً 30.50 کلومیٹر کی گہرائی پر آیا اور Focus پر چٹانوں نے 4 میٹر کی حرکت کی اور چٹانیں 100x55 کلومیٹر کے رقبہ پر ٹوٹیں۔

زمین کی اندرونی ساخت



انڈیا پلیٹ اور ایشیا پلیٹ کا ٹکراؤ
ہمالیہ کس طرح بنا؟



زلزلوں کی پیشگوئیاں

حضرت عیسیٰؑ نے واقعہ صلیب سے قبل اپنی آمدِ ثانی کی بہت سی علامات بیان فرمائی تھیں۔ چنانچہ زیتون کے پہاڑ پر ان کے شاگردوں نے ان سے آخری زمانے میں، ان کی آمد کی علامات بیان فرمائیں اور آپ نے فرمایا، ''خبردار کوئی تم کو گمراہ نہ کردے۔ کیونکہ بہتیرے میرے نام سے آئیں گے اور کہیں گے کہ میں مسیح ہوں اور بہت سے لوگوں کو گمراہ کریں گے۔ اور تم لڑائیاں اور لڑائیوں کی افواہ سنو گے۔ خبردار گھبرا نہ جانا۔ کیونکہ ان باتوں کا واقعہ ہونا ضرور ہے۔ لیکن اس وقت خاتمہ نہ ہوگا۔ کیونکہ قوم پر قوم اور سلطنت پر سلطنت چڑھائی کرے گی اور جگہ جگہ کال پڑیں گے اور بھونچال آئیں گے۔ لیکن یہ سب باتیں مصیبتوں کا شروع ہوں گی۔

اور فوراً ان دنوں کی مصیبت کے بعد سورج تاریک ہو جائے گا اور چاند اپنی روشنی نہ دے گا اور ستارے آسمان سے گریں گے اور آسمانوں کی قوتیں ہلائی جائیں گی۔ اور اس وقت ابن آدم کا نشان آسمان پر دکھائی دے گا۔ اور اس وقت زمین کی سب قومیں چھاتی پیٹیں گی اور ابن آدم کو بڑی قدرت اور جلال کے ساتھ آسمان کے بادلوں پر آتے دیکھیں گی۔''

(متی باب 24)

چنانچہ ان بیان کردہ علامات کے مطابق حضرت مسیح موعود کے زمانے میں آپ کی پیشگوئی کے مطابق طاعون کی وباء پھوٹی، زلزلہ آیا۔ اور شہاب ثاقب گرنے کا واقعہ ہوا اور کسوف وخسوف کا نشان ظاہر ہوا۔ اور آپ کی کی گئی پیشگوئیوں کے عین مطابق پہلی جنگ عظیم کا واقعہ ہوا اور اس طرح قوموں پر قوموں کی چڑھائی کی پیشگوئی بھی پوری ہوگئی۔

نئے عہد نامے کی آخری کتاب مکاشفہ میں بھی مستقبل کے متعلق بہت سی پیشگوئیاں بیان کی گئی ہیں۔ اس کے باب پانچ اور چھ میں ایک ایسی کتاب کے متعلق کشف درج ہے جس کی سات مہریں ہیں اور اس کشف میں جب یہ سات مہریں کھولی جاتی ہیں تو ان کے ساتھ مستقبل میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات ظاہر ہوتے ہیں۔ اس میں دوسری مہر کھلنے کے ساتھ ایک لال گھوڑا ظاہر ہوتا ہے اور زمین سے صلح اٹھا لی جاتی ہے اور لوگ ایک دوسرے کو قتل کرنے لگتے ہیں۔ چوتھی مہر کھلنے کے ساتھ ایک زرد گھوڑا ظاہر ہوتا ہے اور زمین پر تلوار، قحط، وباء اور درندوں سے لوگ ہلاک ہونے لگے۔ اور جب چھٹی مہر کھولی گئی تو ایک بڑا بھونچال آیا، سورج کالا ہو گیا اور چاند سرخ ہو گیا۔ آسمان سے ستارے زمین پر گرنے لگے۔

(مکاشفہ باب 6)

اس پیشگوئی میں وہ نشانات واضح طور پر نظر آتے ہیں جو حضرت مسیح موعود کی پیشگوئیوں کو پورا کرتے ہوئے ظاہر ہوئے۔

اسی طرح ان قدیم صحائف میں جو آج کی بائبل میں شامل نہیں، پر انہیں ہمیشہ سے ایک مقدس مقام دیا جاتا رہا ہے بھی اس قسم کی پیشگوئیوں سے خالی نہیں ہیں۔ چنانچہ ایسی ایک پیشگوئی Esdras کے صحیفے میں درج ہے۔ اس کے مطابق جب نبی نے سوال کیا کہ آخری زمانے کے نشانات کب ظاہر ہوں گے تو اسے جواب دیا گیا کہ جب زلزلے آئیں گے، لوگوں میں بے چینی اور شورش پھیلے گی، قومیں سازشیں کریں گی، لیڈر ڈگمگانے لگیں گے، شاہی افراد میں افراتفری پھیلے گی۔ تب تم جان لو گے کہ یہی وقت ہے جس کے متعلق خدا تعالیٰ نے شروع سے خبر دے رکھی تھی۔

(The New Oxford Annotated Apocrypha,2 Esdras,chapter 8&9,page 323)

مہاتما بدھ نے بھی اپنے ایک مثیل کے آنے کی خبر دی تھی۔ اس موعود کو بدھ مت کی پیشگوئیوں میں متیا بدھ کا نام دیا گیا تھا۔ اور ان کے عقائد کے مطابق اس سے پہلے بھی بہت مرتبہ بدھ کے مثیل ظاہر ہو چکے تھے۔ بدھ مت کی روایات کے مطابق ایک بدھ کی زندگی کے بہت سے اہم واقعات کے ساتھ زلازل ظاہر ہوتے ہیں۔ اسی طرح جب ایک بدھ خود اس دنیا سے واپس جانا چاہے تو زلزلہ آتا ہے۔

(Sacred Book Of The East,Bhuddist Suttas ,Vol 2 page 44-47)

قرآن مجید میں زلزلوں کے متعلق درج ذیل پیشگوئی سورۃ الزلزال میں درج ہے

جب زمین اپنے بھونچال سے جنبش دی جائے گی۔
اور زمین اپنے بوجھ نکال پھینکے گی۔
اور انسان کہے گا کہ اسے کیا ہو گیا ہے۔
اس دن وہ اپنی خبریں بیان کرے گی۔
کیونکہ تیرے رب نے اسے وحی کی ہوگی۔

(سورۃ الزلزال آیات 2 تا 6)

صحیح بخاری کتاب الفتن میں حضرت ابو ہریرہؓ سے ایک روایت درج ہے جس میں قرب ساعت کی علامات بیان فرمائی گئی ہیں۔ اس روایت کے مطابق دو عظیم گروہ آپس میں لڑیں گے اور ان کا دعویٰ ایک ہو گا تیس کے قریب دجال پیدا ہوں گے، علم اٹھا لیا جائے گا، فتنے ظاہر ہوں گے، زلزلوں کی کثرت ہو گی، خونریزی بہت ہوگی اور مال بہت ہوگا۔

عرفات

مکہ سے شمال مشرق کی طرف 12 کلومیٹر کے فاصلے پر جب کہ مزدلفہ سے کوئی 4 کلومیٹر کے فاصلے پر عرفات کا میدان واقع ہے۔ اس میدان سے پہلے ایک کافی چوڑے برساتی نالے کی گزرگاہ ہے جس کا نام ''وادی عرنہ'' ہے۔ اس کے اوپر قریباً ایک کلومیٹر کے اندر 14 کشادہ پل بنے ہوئے ہیں۔ پل کے دائیں طرف مسجد نمرہ ہے۔ اس میدان میں حجاج کرام 9 ذی الحج کا دن گزارتے ہیں۔

یورپ اور دیگر ممالک میں کفالت عامہ کی جھلکیاں (تاریخ کے آئینے میں)

ملک	سال	کفالت عامہ سے متعلق جو قوانین بنائے گئے
1۔ جرمنی	1880ء	جرمنی کے چانسلر Otto Von Bismark نے سوشل انشورنس کا نظام رائج کیا۔
	1883ء	مریضوں کی کفالت کا قانون بنا۔
	1889ء	عمر رسیدہ افراد اور معذوروں کی کفالت کا قانون بنا۔
	1897ء	مزدوروں کی کفالت کا قانون بنا۔
2۔ برطانیہ	1601ء	The Poor Law: اس قانون کے ذریعے مزدوروں کو کام کے دوران میں حادثات کا معاوضہ اور ان کی کفالت کا انتظام کیا گیا۔
	1911ء	ہیلتھ انشورنس
	1925ء	عمر رسیدہ افراد کی کفالت کا پروگرام
	1942ء	Beveridge Report, 1942 تیار ہوئی۔
3۔ روس	1911ء	مریضوں کی کفالت سے متعلق قانون بنا
4۔ فرانس	1928ء	بیماروں، زچہ بچہ، عمر رسیدہ افراد، معذوروں اور نیز Survivorship Insurance کا قانون بنا۔
5۔ یوراگوائے (Uruguay)	1919ء	عمر رسیدہ افراد اور معذوروں کی کفالت کا قانون بنا۔
6۔ جاپان	1922ء	مریضوں کی انشورنس اور کفالت کا قانون
7۔ نیوزی لینڈ	1938ء	بے روزگاروں کی کفالت اور ان کا الاؤنس مقرر کیا گیا۔ مریضوں، معذوروں اور غریب خاندانوں کی کفالت کا قانون بنا۔
8۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ	1935ء	دی سوشل سیکورٹی ایکٹ 1935ء بنا۔
	1943ء	اس سال کے بعد ہیلتھ انشورنس اور کفالت عامہ کے قوانین بنے۔
	1972ء	65 سال یا اس سے زائد عمر کے ریٹائرڈ ملازمین کی کفالت کا قانون بنایا گیا۔
	1972ء	(i) عمر رسیدہ ملازمین کی کفالت پر جو رقم خرچ کی گئی: 33.5 بلین ڈالر
	1982ء	(ii) کل رقم کفالت عامہ پر خرچ شدہ رقم: 4.7 بلین ڈالر (iii) کل رقم کفالت عامہ پر خرچ شدہ: 141.9 بلین ڈالر اس کمیشن نے معذور افراد، مریضوں اور بے روزگار افراد کی کفالت عامہ کے لئے قانون کی سفارش کی
9۔ کینیڈا	1951ء	سوشل سیکورٹی پروگرام (نظام کفالت عامہ) نافذ کیا گیا۔ عمر رسیدہ افراد کی پنشن کا قانون بنا۔
10۔ ناروے سویڈن ڈنمارک	1968ء	مریضوں کی نگہداشت اور ان کی کفالت کا قانون بنا۔ عمر رسیدہ افراد کی کفالت کا نظام قائم ہوا۔

(روزنامہ جنگ لاہور 26 نومبر 2004ء)

وعدہ جات اور وصولی کا ٹائم ٹیبل

سیدنا حضرت مصلح موعود نے تحریک جدید کے ایک سال نو کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا۔

''اس تمہید کے بعد میں تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان کرتا ہوں اور تحریک کرتا ہوں کہ دوست زیادہ سے زیادہ اس میں چندہ لکھوائیں اور پھر اسے جلد ادا کرنے کی کوشش فرمائیں۔'' (سبیل الرشاد صفحہ 210)

اس کے بعد حضور انور نے وعدہ جات بھجوانے کی آخری تاریخ 31 جنوری مقرر فرمائی مذکورہ بالا ارشاد میں ادائیگی کے لئے حضور نے ''جلد'' کا لفظ استعمال فرمایا ہے جو فاستبقوا الخیرات کی تعلیم پر مبنی ہے۔

(وکیل المال اول)

آنکھوں کی بیماریاں

بیلاڈونا۔ یوفریزیا

''بیلاڈونا آنکھوں کی بیماریوں کے لئے بھی بہت مفید دوا ہے۔ آنکھیں غیر معمولی سرخ ہو جاتی ہیں اور پپوٹے سوج جاتے ہیں، آنکھوں کے سامنے تارے ناچتے ہیں۔ ایک خاص علامت یہ ہے کہ آنکھیں بالکل خشک رہتی ہیں جبکہ یوفریزیا (Euphrasia) میں سرخی کے ساتھ پانی بہتا ہے۔ بیلاڈونا اور یوفریزیا سرخی کی علامت اور شدت میں مشابہت رکھتی ہیں لیکن یوفریزیا میں اتنی زیادہ سوزش نہیں ہوتی البتہ تیز پانی بہتا ہے۔''

(صفحہ: 140)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

